Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳۰ رمضان المبارک ۱۳۴۲ھ مطابق ۵ مئی ۱۹۲۴ء	نمبر ۱۸

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ اپریل ۱۹۲۴ء

رپورٹ منظور ہے۔ احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بغرض

جناب عالی

گزارش ہے کہ نسبت قیمت داخلہ جات کے قبل ازین حکم ہوا ہے کہ ایک سو روپیہ تک

بحساب ایک روپیہ نو آنے فیصدی یعنی فی دھسلہ تین پائی فروخت ہون اور سو پرت سے زیادہ بحساب ایک روپیہ فیصدی فروخت ہون اور گماشتہ کو ایک آنہ فیصدی کمیشن دیا جائے دیوانصدر کی تحریک ہے کہ قیمت دونون صورتون مین یکسان رکھی جائے یعنی ایک روپیہ نو آنے فیصدی رہے تاکہ عمل صحیح خزانہ مین ہوتا رہے اور فروشندگان کو کمیشن معقول دیا جائے فرمانبردار کو دیوانصدر کی رائے سے اتفاق ہی کمیشن مین بھی اضافہ فرمایا جائے یعنی فروشندگان کو بجائے ایک آنہ فیصدی مجوزہ سابقہ کے دو آنے فیصدی کمیشن دیا جائے - امیدوار کہ حکم مناسب صادر فرمایا جائے - زیادہ حد ادب - دولت جاوید باد

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
۱۳ اپریل ۱۹۲۴ء

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع یکم مئی ۱۹۲۴ء

تحصیلدار صاحب شاہ آباد بحوالہ تحقیقات جو بر طبق درخواست مسماۃ سیتا اُنھون نے کی ہی رپورٹ کرتے ہین کہ از روے تحقیقات مبلغ ۵ مسماۃ سیتا کا تحصیل مین پٹواری کو دینا اور پٹواری کا مشتاق علی بیگ وکیل کو دینا ثابت ہی مشتاق علی بیگ وکیل کو اس سے انکار ہے مگر کوئی ثبوت اپنے بیان کے تائید مین اُسنے پیش نہین کیا اس طریقہ پر پیشہ وروکنا اہل معاملات کو دہوکھا دیکر رقم ناجائز وصول کرنا اور پہر اُنکو پیشہ وکالت پر برقرار رکھنا سخت باعث معذرت ہے - لہذا مشتاق علی بیگ پیشہ وکالت سے علیحدہ کیا جائے اور سند وکالت اُس سے واپس لیجائے -

حکم ہے کہ

احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی - اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے - خود بھی خرید فرماکر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی - اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی - جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی - قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ / ہے -

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی - جسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ / ہی - جسقدر نسخے مطلوب ہون - درخواست مہتمم صاحب کتبخانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے -

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متفرقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۶ لغایتہ ۳۱ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ثانج	کیفیت
گیہوں			۱۱ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص			۱۷ ار	۱۵ ار		۱۴ ار	
نخود کسہ آمیز			۲۰ ر	۲۰ ار		۱۵ ر	
کسہ			۲۲ ار	۲۱ ار		۱۶ ر	
ماش			۹ ار	۹ ار		۹ ار	
مونگ			۱۰ ار	۰		۹ ار	
مکا			۱۹ ار	۱۲ ار		۰	
جئی			[illegible] ار	[illegible] ار		۱۶ ار	
گوجئی			۱۵ ار			۱۲ ار	
عدس			۱۷ ار	۲۰ ار		۱۲ ار	
ارہر			۲۰ ار	۰		۱۳ ار	
برنج			۵ ار	۵ ار		۵ ار	
روغن زرد			[illegible]	۱ ار		[illegible]	
روغن سیاہ			۱۰ ار	۱ ار		۱۱ ار	
روغن کنجد			۱ ار	۳ ار		۱ ار	
نمک سانبھر			۸ ار	۵ ار		۱۲ ار	
نمک لاہوری			۶ ار	۵ ار		۱۰ ار	
قند سیاہ			۶ ار	[illegible]		[illegible]	
[illegible]							